## سوال

(169) کیا جوڑے آسمانوں پر بنتے ہیں؟

## جواب

*السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ*

کیا شادی کے متعلق بھی لوح محفوظ میں لکھا ہوتا ہے (کہ شادی کس سے ہوگی)؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

*وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!*

*الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!*

قیامت تک ہونے والے ہر کام کو اللہ تعالیٰ نے اس وقت سے لوح محفوظ میں لکھ رکھا ہے جب سے قلم کو پیدا کیا ہے اس لیے کہ (کائنات میں) سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے قلم کو پیدا کیا اور اسے حکم دیا کہ لکھ اس نے کہا، میرے پروردگار! میں کیا لکھوں؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا، جو کچھ بھی ہونے والا ہے اس کے متعلق لکھ دے تو وہ اسی وقت چل پڑا اور اس نے قیامت تک ہونے والے ہر کام کے متعلق لکھ دیا۔ (صحیح: صحیح الجامع الصغیر (2018) ابو داود (4700) کتاب السنة: باب فی القدر ترمذی (2155) کتاب القدر: باب)

تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے شادی کے متعلق بھی لکھا جا چکا ہے کہ زوجین میں سے ہر ایک فلاں دوسرے کے ساتھ ازدواجی رشتے میں منسلک ہوگا۔ اللہ تعالیٰ پر زمین و آسمان کی کوئی چیز بھی مخفی نہیں۔ (شیخ ابن عثیمین رحمة اللہ علیہ)

*ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب*

## [فتاویٰ نکاح و طلاق]

# ص240

## محدث فتویٰ